سوال

(116) کیا اللہ نے سب سے پہلے نور محمدی کو پیدا کیا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ پہلے اللہ نے نور محمدی کو پیدا کیا۔ یہ خیال صحیح ہے یا غلط؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نور محمدی کی پیدائش کا ذکر جیسا کہ قصوں اور وعظوں میں بیان کیا جاتا ہے۔ قرآن وحدیث میں نہیں ملتا۔ اول اول ماخلق اللہ نوري روایت موجب اعتقاد نہیں۔ (11ربیع الثانی 33ء سہ)

شرفیہ

صحیح بخاری کی مرفوع حدیث میں ہے کہ خود رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تھے۔ اللهم اجعل فی قلبی نوراوفی بصري نوراوفی سمعی نوراو عن یمینی نوراو عن یساري نوراوفوق نورا وتحتی نوراوامامی نوراو خلفی نوراواجعل لی نورا (صحیح بخاري ج2ص935)

اگر سب سے پہلے اللہ نے نور محمدی کو پیدا کیا تھا۔ تو پھر حضور ﷺ کو سوال کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ تحصیل حاصل تو باطل ہے۔ پس ثابت ہوا کہ وہ روایتیں بالکل جھوٹی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص337